**15.04.2024**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ................. ماجد علی

**Music**

☆ انفورسمنٹ ایجنسیوں نے لوک سبھا انتخابات کی پہلے مرحلے کی پولنگ سے قبل 4 ہزار 650 کروڑ روپے سے زیادہ کی اشیاء ضبط کی ہیں جوکہ ایک ریکارڈ ہے۔

☆ فوج کے سربراہ جنرل منوج پانڈے ازبکستان کے چار دن کے دورے پر گئے ہیں تاکہ دوطرفہ دفاعی اشتراک کو مستحکم بنایا جاسکے۔

☆ سپریم کورٹ اور ہائی کورٹوں کے 21 ریٹائرڈ ججوں نے چیف جسٹس کے نام ایک مراسلے میں عدلیہ کو کمزور کرنے کی بعض حلقوں کی بڑھتی ہوئی کوششوں پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔

☆ سالانہ امرناتھ یاترا کے لیے رجسٹریشن کا عمل آج سے شروع ہوگیا ہے۔

☆ اور آئی پی ایل کرکٹ میں آج شام رائل چیلنجرس بنگلور کا مقابلہ سن رائزرس حیدرآباد سے ہوگا۔

اب خبریں تفصیل سے............

**EC Record Seizure**

انفورسمنٹ ایجنسیوں نے جمعہ کو لوک سبھا انتخابات کی پہلے مرحلے کی پولنگ سے قبل 4 ہزار 650 کروڑ روپے سے زیادہ کی اشیاء ضبط کی ہیں جوکہ ایک ریکارڈ ہے۔ انتخابی کمیشن نے کہا ہے کہ 2019 میں پورے لوک سبھا چناؤ کے دوران 3 ہزار 475 کروڑ روپے سے زیادہ کی ضبطی کی گئی تھی اور یہ اُس سے کہیں زیادہ ہے۔

چناؤ کمیشن نے کہا ہے کہ جو اشیاء ضبط کی گئی ہیں، اُن میں 45 فیصد منشیات ہیں۔ کمیشن کے مطابق متعلقہ ایجنسیوں کی جامع منصوبہ سازی، تال میل، اشتراک اور ٹھوس کارروائی نیز شہریوں کی سرگرم شمولیت کی وجہ سے ایسا ممکن ہوسکا ہے۔

انتخابی کمیشن نے کہا ہے کہ اِس سال پہلی مارچ سے ہرروز ایک سو کروڑ روپے ضبط کیے جارہے ہیں۔ کمیشن نے کہا ہے کہ ضبط کی جانے والی رقم اور اشیاء کی مقدار میں اضافے سے اِس بات کی عکاسی ہوتی ہے کہ انتخابی کمیشن نے خاص طور پر چھوٹی اور کم وسائل والی پارٹیوں کے لیے برابر کے موقع فراہم کرنے کی خاطر چناؤ بے ضابطگیوں کی روک تھام اور ووٹروں کو لبھانے پر نظر رکھنے کا پختہ عزم کررکھا ہے۔

چناؤ کمیشن نے اُن 106 سرکاری اہلکاروں کے خلاف سخت کارروائی بھی کی ہے جو انتخابی مہم میں سیاستدانوں کی مدد کرتے ہوئے پائے گئے ہیں، جس سے مثالی ضابطۂ عمل اور متعلقہ ہدایات کی خلاف ورزی ہوتی ہے۔

Army Chief Uzbek

فوج کے سربراہ جنرل منوج پانڈے ازبیکستان کے چار دن کے دورے پر روانہ ہوگئے ہیں۔ وزارت دفاع کے مطابق اُن کے اِس دورے کا مقصد دونوں ملکوں کے درمیان باہمی مفاہمت اور دوطرفہ دفاعی اشتراک کو مستحکم بنانا ہے۔ جنرل منوج پانڈے ازبیکستان کے سرکردہ دفاعی لیڈروں کے ساتھ بات چیت کریں گے جو اور زیادہ فوجی اشتراک کے لیے اہمیت کی حامل ہے۔ وزارت نے کہا ہے کہ جنرل منوج پانڈے کے دورے سے بھارت اور ازبیکستان کے درمیان فوجی اشتراک کو مستحکم بنانے میں مدد ملے گی اور دونوں ملکوں کے درمیان تعاون کے نئے شعبے تلاش کیے جاسکیں گے۔

Retired Judges CJI

سپریم کورٹ اور ہائی کورٹوں کے 21 ریٹائرڈ ججوں نے جان بوجھ کر دباؤ ڈال کر، غلط باتیں پھیلا کر اور عوامی سطح پر بدنام کرکے عدلیہ کو کمزور کرنے کی بعض حلقوں کی بڑھتی ہوئی کوششوں پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔
اِن ریٹائرڈ ججوں نے اِس سلسلے میں چیف جسٹس ڈی وائی چندر چوڑ کو ایک مراسلہ بھیجا ہے۔ اِس میں کہا گیا ہے کہ حقیر سیاسی مفادات اور ذاتی اغراض کی خاطر کام کرنے والے یہ عناصر عدالتی نظام میں عوام کے اعتماد کو کمزور کرنے کی کوشش کررہے ہیں۔ مراسلے میں کہا گیا ہے کہ اِن عناصر کے طور طریقے دھوکہ دہی والے ہیں جس کے تحت عدالتوں اور ججوں کی دیانتداری پر شکوک وشبہات پیدا کرکے عدالتی عمل کو متاثر کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔

MHA Border

امور داخلہ کی وزارت نے حقیقی کنٹرول لائن پر چین کی خلاف ورزی کے بارے میں بھارت-تبت سرحدی پولیس کی رپورٹ سے متعلق سوشل میڈیا پوسٹ کو گمراہ کن اور شرانگیز قرار دیا ہے۔ وزارت نے کہا ہے کہ مذکورہ سوشل میڈیا پوسٹ قومی سلامتی کے حساس معاملے پر بدنیتی پر مبنی ہے۔ امور داخلہ کی وزارت نے یہ وضاحت کی ہے کہ ITBP نے وزارت داخلہ کو اِس طرح کی کوئی داخلی رپورٹ پیش نہیں کی ہے۔ مذکورہ گمراہ کن سوشل میڈیا پوسٹ میں یہ دعویٰ کیا گیا ہے کہ ITBP نے سرکار کو یہ رپورٹ بھیجی ہے کہ حقیقی کنٹرول لائن پر ایسے 19 مقامات ہیں کہ جہاں موسم گرما کے دوران برف پگھلنے پر چین کی فوج خلاف ورزی کرسکتی ہے۔

Anurag Siliguri

مرکزی وزیر اور بی جے پی کے لیڈر انوراگ سنگھ ٹھاکر نے آج مغربی بنگال کے شہر سلی گوڑی میں کاروباری برادری کے لوگوں کے ساتھ میٹنگ میں شرکت کی۔ انہوں نے آج صبح وہاں پہنچنے کے بعد کھیلوں سے متعلق کچھ تنظیموں

کے نمائندوں سے بھی ملاقات کی۔ جناب ٹھاکر بعد میں Kalimpong میں Garubathan کے مقام پر ایک جلسۂ عام سے خطاب کریں گے۔ اِس کے بعد وہ سلی گوڑی کے Milan Mor کے مقام پر ایک جلسۂ عام میں بھی شرکت کریں گے۔

Delhi Court

دلی میں راؤز اوینیو عدالت نے ایکسائز پالیسی کیس کے سلسلے میں بھارتیہ راشٹر سمیتی BRS، کی لیڈر کے کویتا کو اِس مہینے کی 23 تاریخ تک عدالتی تحویل میں بھیج دیا ہے۔ تین دن کی پولیس تحویل ختم ہونے پر کویتا کو آج سی بی آئی نے عدالت میں پیش کیا۔ اُنہیں انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ، ED نے 15 مارچ کو گرفتار کیا تھا۔ گرفتاری کے بعد BRS لیڈر کو 23 مارچ تک کے لیے سی بی آئی تحویل میں بھیج دیا گیا تھا۔ اِس کے بعد سی بی آئی نے اُنہیں اِس مہینے کی گیارہ تاریخ کو گرفتار کرکے تہاڑ جیل بھیج دیا تھا۔

Kerala LS Campaign

کیرالا میں چناؤ مہم زورشور سے جاری ہے۔ وزیراعظم اور بی جے پی کے سرکردہ لیڈر نریندر مودی اور کانگریس رہنما راہل گاندھی انتخابی مہم میں شامل ہورہے ہیں۔ جناب مودی نے Alathur کے مقام پر ایک جلسۂ عام سے خطاب کیا۔ اِس کے بعد وہ تھرووانت پورم میں Attingal روانہ ہوجائیں گے جہاں وہ Kattakada میں ایک جلسۂ عام سے خطاب کریں گے۔

بعد میں جناب مودی تمل ناڈو میں Thirunelveli کے مقام پر بھی ایک جلسۂ عام میں شرکت کریں گے۔

اِدھر کانگریس لیڈر راہل گاندھی آج شام کوزی کوڈ میں UDF کی ایک بڑی ریلی سے خطاب کریں گے۔ وہ وائناڑ حلقے میں آج اور کل مختلف پروگراموں میں بھی شرکت کریں گے جہاں وہ دوسری بار چناؤ لڑرہے ہیں۔

LDF کے لیڈر سیتارام یچوری، پرکاش کارت، برندا کارت، سبھاشنی علی اور تپن سَین بھی اس ہفتے چناؤ مہم میں شامل ہونے والے ہیں۔

Arunachal Pradesh

اروناچل پردیش میں Nyishi قبیلے کے لوگ آج Longte تہوار منارہے ہیں۔ Longte تہوار اِس قبیلے کے سب سے قدیم اور زرعی اہمیت کے حامل تہواروں میں سے ایک ہے اور یہ نئے موسم کی آمد کی علامت ہے جس کے بعد کھیتوں میں بوائی کا سلسلہ شروع ہوجاتا ہے۔

J&K Amarnath REG

امرناتھ یاترا کیلئے رجسٹریشن کا عمل آج سے شروع ہو رہا ہے۔ 52 روز تک چلنے والی اِس یاترا کے بارے میں شری امرناتھ شرائن بورڈ نے یہ اعلان کیا ہے۔ شری امرناتھ جی کی مقدس گپھا کے درشن کیلئے یہ یاترا 29 جون کو

شروع ہوگی اور 19 اگست کو اختتام پذیر ہوگی۔ ہر سال ہونے والی یہ یاترا دو راستوں سے شروع ہوتی ہے۔
اننت ناگ میں Nunwan/پہلگام کا 48 کلو میٹر طویل روایتی راستہ اور گاندربل ضلع میں بالتل کا راستہ جو صرف 14 کلو میٹر طویل ہے لیکن دشوار گزار ہے۔ عقیدتمندوں کیلئے امرناتھ یاترا ایک مشکل سفر مانا جاتا ہے۔ ہر سال ہزاروں عقیدتمند اس گپھا کے درشن کرتے ہیں۔x

Jaishankar Iran-Israel

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کل شام ایران اور اسرائیل کے اپنے ہم منصبوں کے ساتھ ٹیلی فون پر گفتگو کی۔ ایران کے وزیر خارجہ حسین امیر **Abdollahian** کے ساتھ ٹیلی فون پر گفتگو کے دوران ڈاکٹر ایس جے شنکر نے بحری جہاز **MSC Aries** کے بھارتی عملے کے **17** ارکان کی رہائی کے معاملے کو اٹھایا۔ انھوں نے خطے میں موجودہ صورتحال پر بھی بات کی۔
ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کشیدگی سے بچنے، صبروتحمل کا مظاہرہ کرنے اور سفارتکاری کے طریقے کو اپنانے کی اہمیت پر زور دیا۔ دونوں رہنماؤں نے ایک دوسرے سے رابطے میں رہنے پر اتفاق کیا۔
ادھر وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کل اسرائیل کے اپنے ہم منصب Israel Katz کے ساتھ بھی ٹیلی فون پر گفتگو کے دوران خطے میں حالیہ پیش رفت پر بھارت کی تشویش سے آگاہ کیا۔ دونوں رہنماؤں نے علاقائی صورتحال پر گفتگو کی۔
اس کے علاوہ انھوں نے ایک دوسرے سے رابطے میں رہنے پر بھی اتفاق کیا۔x

US West Asia

امریکہ کے وزیر خارجہ انٹنی بلنکن نے اردُن، سعودی عرب، ترکی اور مصر کے وزراءِ خارجہ کے ساتھ ٹیلیفون پر بات کی، جبکہ وزیر دفاع لائڈ آسٹن نے سعودی عرب اور اسرائیل کے اپنے منصبوں کے ساتھ بات چیت کی ہے۔ اس سے قبل، امریکہ کے صدر جوبائیڈن نے گروپ 7 کے لیڈروں کے ساتھ ایک کانفرنس کال کی تھی اور اُردُن کے شاہ عبداللہ اور اسرائیل کے وزیر اعظم بنجامن نیتن یاہو کے ساتھ الگ سے بات کی تھی۔ اس طرح کی سبھی بات چیت میں امریکہ کے لیڈروں نے خطے میں صورتحال کو خراب ہونے سے بچنے کیلئے صبر وتحمل کا مظاہرہ کرنے کی ضرورت پر زور دیا اور اسرائیل کی سکیورٹی کیلئے امریکہ کے عہد کو دوہرایا۔ لیڈروں نے غزہ میں امن قائم کرنے کیلئے سفارتی کوششوں کی اہمیت پر زور دیا جس سے اسرائیلیوں اور فلسطینیوں دونوں کیلئے دیرپا امن قائم ہوسکے گا۔x

IMF WB Meet

بین الاقوامی مالی فنڈ اور عالمی بینک کی موسم بہار کی میٹنگیں بدھ کے روز واشنگٹن میں شروع ہوں گی۔ آب وہوا میں تبدیلی اور سب سے زیادہ مقروض ملکوں کی مدد جیسے موضوعات، اِن میٹنگوں میں اہم رہیں گے۔ IMF کی تازہ عالمی اقتصادی جائزے کے ساتھ اِن میٹنگوں کا آغاز ہوگا۔ اِن میٹنگوں کے ذریعے مرکزی بینک اور اقتصادی ترقی

سے متعلق وزراء، ماہرین اور نجی شعبے اور سول سوسائٹی کے نمائندے عالمی معیشت کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیلئے قریب آئیں گے۔ اس سال دونوں عالمی اداروں کے 80 سال مکمل ہو رہے ہیں۔ دوسری عالمی جنگ کے بعد بین الاقوامی معیشت کو قابو میں رکھنے کی غرض سے اتحادی ملکوں نے 1944 میں Bretton Woods Conference کی تھی جہاں اِن اداروں کا انعقادعمل میں آیا تھا۔x

IPL

**IPL** کرکٹ میں آج شام ساڑھے سات بجے بینگلورو کے، ایم چنا سوامی اسٹیڈیم میں رایل چیلنجر بینگلورو کا مقابلہ سن رائزرس حیدرآباد سے ہوگا۔

کل رات ممبئی کے وانکھیڑے اسٹیڈیم میں چینئی سپر کنگس نے ممبئی انڈینس کو **20** رن سے ہرا دیا۔

پہلے بلے بازی کرتے ہوئے چینئی سپر کنگس نے کپتان **Ruturaj Gaikwad** کی شاندار بلے بازی اور**69** رن کی بدولت، **20** اوورس میں چار وکٹ پر **206** رن بنائے۔ جواب میں ممبئی کی ٹیم **20** اوورس میں چھ وکٹ پر **186** رن ہی بنا سکی۔

اِس دوران **Matheesha Pathirana** کو میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔

اس سے پہلے کل کولکتہ کے ایڈن گارڈن میں پہلے میچ میں کولکتہ نائٹ رائڈرس نے لکھنو سپر جائنٹس کو آٹھ وکٹ سے شکست دی۔

آج شام ساڑھے سات بجے بینگلورو کے، ایم چنا سوامی اسٹیڈیم میں رایل چیلنجر بینگلورو کا مقابلہ سن رائزر حیدرآباد سے ہوگا۔**x**

IMD Weather

بھارت کے محکمۂ موسمیات **IMD** نے پیشگوئی کی ہے کہ اگلے چوبیس گھنٹے کے لیے شمال مغربی بھارت میں جاری بارش کے ساتھ، دھول بھری آندھی یا گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے اور اولہ باری کے جاری رہنے کا امکان ہے۔ اس نے کہا ہے کہ جموں و کشمیر، لداخ، گلگت، بلتستان، مظفر آباد، ہماچل پردیش اور اتراکھنڈ میں آج **40** کلومیٹر فی گھنٹے کے رفتار سے تیز ہوائیں چلنے، دھول بھری آندھی اور بجلی کڑکنے کے ساتھ اوسط درجے تک بارش ہونے کا امکان ہے، جبکہ مغربی اترپردیش میں پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ، دلی، راجستھان اور مدھیہ پردیش میں آج بجلی کڑکنے **40** کلومیٹر فی گھنٹے کی رفتار سے طوفان اور تیز ہوائیں چلنے کے ساتھ دور دراز کے علاقوں میں بارش ہونے کا امکان ہے۔

اسی دوران **IMD**نے کہا ہے کہ دلی میں آج ہلکی بارش کے ساتھ عام طور پر آسمان میں بادل چھائے رہیں گے۔ قومی راجدھانی میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرات آج دن کے وقت **33** ڈگری رہنے کا امکان ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆